روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
منگل 10 فروری 2009ء 14 صفر 1430 ہجری 10 تبلیغ 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 32

خداتعالیٰ کی صفت ہادی کے تحت اللہ تعالیٰ کی ربوبیت اور آنحضرت ﷺ کے عظیم الشان مقام ومرتبہ کا اظہار

ہادی خداہدایت کی طرف لانے کے لئے صفت ربوبیت سے بھی کام لیتا ہے

اللہ ہمیں توفیق بخشے کہ ہم اس منزل کی طرف چلتے رہیں جو خدا کی رضا کی طرف لے جانے والی ہو

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 6 رفروری 2009ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 6 فروری 2009ء کو بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ جس کو مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام اس کا الہادی ہے جس کے معنی ہیں وہ ذات جو اپنے بندوں کو اپنی معرفت اور پہچان کے طریق دکھائے یہاں تک کہ وہ اس کی ربوبیت کا اقرار کرنے لگیں اور پہچان کے طریق اس وقت بتاتا ہے جب بندے خدا تعالیٰ کی ربوبیت کے انکاری ہوتے ہیں۔ انکار کے کئی طریق ہیں کبھی بندے کو خدا بنالیا جاتا ہے، کبھی انسان طاقت کے زور پر خود خدا اور رب بن جاتے ہیں یا پھر دنیاداری میں بڑی طاقتیں اپنے آپ کو لازوال قوتوں کا مالک سمجھتی ہیں اور اس لحاظ سے رب بنی بیٹھی ہیں۔ غرض اس وقت دنیا میں ایک فساد کی حالت ہوتی ہے اس وقت پھر خدا تعالیٰ اپنی قدرت کا اظہار فرماتا ہے اور دنیا کو بتاتا ہے کہ وہ رب العالمین ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ جب اعتدال کو ترک کرنے کا عالم بڑھ جاتا ہے یہاں تک کہ زمین ظلم وجور سے بھر جاتی ہے اور لوگ خدائے ذوالجلال کے راستوں کو چھوڑ دیتے ہیں، نہ عبودیت کی حقیقت کو سمجھتے ہیں اور نہ ربوبیت کی حقیقت ادا کرتے ہیں زمانہ ایک تاریک رات کی طرح ہو جاتا ہے تب خدائے رحمٰن کی طرف سے ایک امام نازل ہوتا ہے۔ پس یہ ہے ہادی خدا جو ہدایت کے راستوں کی طرف لانے کے لئے اپنی صفت ربوبیت کو بھی حرکت میں لاتا ہے۔ صراط مستقیم پانے کی دعا سکھلا کر خدا تعالیٰ کی طرف سے انعام پانے اور پھر اس کے نتیجے میں ہدایت پانے کی طرف راہنمائی کی گئی ہے۔ حضور انور نے پاکستان میں احمدیوں کے کچھ حالات بیان کئے اور فرمایا کہ ہمیں تو حضرت مسیح موعود نے عشق رسول عربی ﷺ کے وہ راستے بتائے اور تعلیم دی ہے کہ جس تک کسی کی سوچ تک بھی نہیں پہنچ سکتی۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ نجات یافتہ کون ہے؟ وہ جو یقین رکھتا ہے جو خدا سچ ہے اور محمد ﷺ اس میں اور تمام مخلوق میں درمیانی شفیع ہیں اور آسمان کے نیچے نہ اس کے ہم مرتبہ کوئی اور رسول ہے اور نہ قرآن کے ہم مرتبہ کوئی اور کتاب ہے اور کسی کے لئے خدا نے نہ چاہا کہ وہ ہمیشہ زندہ رہے مگر یہ برگزیدہ نبیؐ ہمیشہ کے لئے زندہ ہے اور اس کے ہمیشہ زندہ رہنے کیلئے خدا نے یہ بنیاد ڈالی ہے کہ اس کا افاضہ تشریعی اور روحانی کو قیامت تک جاری رکھا۔ فرمایا کہ پس یہ ہے دین حق اور آنحضرتؐ کا سب دینوں اور نبیوں میں سے افضل ثابت ہونا۔

حضور انور نے فرمایا کہ صراط مستقیم کی دعا میں اشارہ ہے کہ جس طرح دنیاوی نظام ایک لیڈر، بادشاہ یا حکومت کو چاہتا ہے اسی طرح ایک روحانی نظام ہے جس کے لئے یہ دعا سکھائی گئی ہے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ پس سوچنا چاہئے کہ یوں تو کوئی مومن بلکہ کوئی انسان بلکہ کوئی حیوان بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت سے خالی نہیں مگر نہیں کہہ سکتے کہ ان کی پیروی کے لئے خدا تعالیٰ نے یہ حکم فرمایا ہے لہٰذا اس آیت کے معنی یہ ہیں کہ جن لوگوں پر اکمل اور اتم طور پر نعمت روحانی کی بارش ہوئی ہے ان کی راہوں کی ہمیں توفیق بخش کہ تا ہم ان کی پیروی کریں۔ پس یہ دعا ہر قوم و مذہب والے کی ہدایت کے لئے ہے بشرطیکہ نیک دل اور نیک نیت ہو کر اس کی طرف قدم بڑھائے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ لوگ جو ہم سے ملنے کی کوشش کرتے ہیں ہم ان کو ضرور اپنے رستوں کی طرف آنے کی توفیق بخشیں گے۔ حضور انور نے خطبہ کے آخر پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ دنیا کو ہدایت کی طرف آنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیں بھی توفیق عطا فرمائے کہ ہم اس منزل مقصود کی طرف چلتے رہیں جو خدا تعالیٰ کی رضا کی طرف لے جانے والی ہے۔

حضور انور نے آخر پر محترمہ خاتم النساء درد صاحبہ اہلیہ مولانا محمد شفیع اشرف صاحب مرحوم، محترمہ سلیمہ بیگم صاحبہ اہلیہ ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب مرحوم، محترمہ عفیفہ صاحبہ اہلیہ مکرم سیوطی عزیز احمد صاحب کی وفات اور مکرم مرزا محمد اکرم صاحب ابن مکرم مرزا محمد اسلم صاحب آف نارووال کے راہ مولیٰ میں قربان ہونے پر ان تمام مرحومین کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد ان کی نماز جنازہ غائب پڑھانے کا بھی اعلان فرمایا۔

شعلۂ نور

برطانیہ کے مشہور ادیب تھامس کارلائل (1795-1881ء) لکھتے ہیں۔

''اہل عرب کیلئے یہ انقلاب ایک نئی زندگی تھی جو انہیں تاریکی سے نور کی طرف لے آئی تھی۔ عرب اس کے ذریعے سے پہلی دفعہ زندہ ہوا۔ ایک ایسی قوم جو ابتدائے آفرینش سے گمنامی کے عالم میں ریوڑ چراتی پھرتی تھی۔ ان کی طرف ایک رسول آیا جو اپنے ساتھ ایک ایسا پیغام لایا جس پر وہ قوم ایمان لے آئی' وہ دیکھو! وہی گمنام چرواہے دنیا کی ممتاز ترین قوم بن گئے۔ وہ حقیر قوم ایک عظیم الشان ملت میں تبدیل ہوگئی۔ ایک صدی کے اندر اندر عرب ایک طرف غرناطہ اور دوسری طرف دہلی تک چھا گئے۔ اس کے بعد سینکڑوں برس ہو چکے ہیں یہ اسی شان وشوکت اور درخشندگی وتابندگی سے کرہ ارض کے ایک عظیم حصے پر مسلط ہیں۔ میں نے کہا کہ عظیم انسان ہمیشہ آسمان سے شعلہ نور بن کر اترتا ہے۔ نوع انسانی خشک نیستاں کی طرح اس شرارہ کے انتظار میں تھی۔ وہ شرارہ اس بطل جلیل کی صورت میں آسمان سے آیا اور تمام نوع انسانی کو شعلہ صفت بنادیا۔''

(On Heroes- Hero- Worship and the Heroic in History by .T.Carlyle p.87)

احمدی ماں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے جلسہ سالانہ کینیڈا پر مستورات سے خطاب کرتے ہوئے 25 جون 2005ء کو فرمایا:۔

پس ہر عورت کو اس اہم امر کی طرف بڑی توجہ دینی چاہئے کہ وہ اپنی اولاد کی اس رنگ میں تربیت کرے اور یہ تربیت اپنے پاک نمونے قائم کرتے ہوئے ایسے اعلیٰ معیار کی ہو جس کو دیکھ کر یہ کہا جاسکے کہ ایک احمدی ماں خود بھی ایک ایسا پاک خزانہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے فضل کو سمیٹنے والا ہے اور ان کی اولادیں بھی ایک ایسا پاک مال ہیں جو اپنی ماں کی تربیت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ مال بن چکا ہے، جس پر اللہ تعالیٰ کے پیار کی نظر ہے، جس کی پاک تربیت کو دیکھ کر دنیا رشک کرتی ہے۔ جو کسی چیز کا اگر حرص اور لالچ رکھتا ہے تو وہ دنیاوی چیزوں کا نہیں بلکہ دین میں آگے بڑھنے کا ہے، اپنے ماں باپ کا نام روشن کرنے کا ہے، نیکیوں پر قائم ہونے کا ہے، اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کا ہے۔

(روزنامہ الفضل 16 اپریل 2007ء)

(مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

اجلاس فارغ التحصیل حافظات

مدرسۃ الحفظ طالبات 3/14 دارالعلوم غربی حلقہ ثناء میں مورخہ 14 فروری 2009ء صبح 9 بجے ادارہ کی فارغ التحصیل حافظات کا ایک ضروری اجلاس منعقد ہو رہا ہے۔ تمام حافظات مکرمات سے گزارش ہے کہ وہ اجلاس میں شرکت کریں۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

فری موٹاپا کیمپ

فضل عمر ہسپتال میں فری موٹاپا کیمپ مورخہ 12 فروری 2009ء کو بوقت صبح 10:00 بجے تا دوپہر 12:00 بجے آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور فضل عمر ہسپتال ربوہ میں لگایا جا رہا ہے۔ اس کیمپ سے جدید مشینوں کے ذریعہ ماہر ڈاکٹرز کی زیر نگرانی جسم میں چربی اور پٹھوں کی مقدار جانچنے/دوا اور خوراک تجویز کرنے میں مدد مل سکے گی۔ احباب وخواتین اس کیمپ سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مکرم لئیق احمد مشتاق صاحب

سورینام جنوبی امریکہ کے خلافت جوبلی پروگرام

جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 5 جولائی 2008ء کو مرکزی بیت ناصر میں جلسہ سیرت النبی ﷺ کا انعقاد ہوا۔ تلاوت قرآن مجید، ترجمہ اور نظم کے بعد پہلی تقریر افریقن احمدی بھائی عبداللہ ولز صاحب نے

''نبی کریم ﷺ کے پاکیزہ بچپن''

کے حوالے سے کی۔ دوسری تقریر

''عبادت کا قیام''

کے حوالے سے آنحضرت ﷺ کا پاکیزہ نمونہ پیش کیا۔ اس کے بعد مکرم لئیق احمد مشتاق صاحب مربی سلسلہ نے

''اسوۂ رسول ﷺ کو اپنانے کی عملی کوشش''

کے حوالے سے تقریر کی اس کے بعد وقف نو کے بچوں نے نعت ''بدرگاہ ذی شان'' ترنم سے پڑھی۔ آخر میں تمام حاضرین کی تواضع کی گئی۔

مقابلہ مضمون نویسی

اس سلسلہ میں باقاعدہ ذیلی عناوین تیار کئے گئے اور شاملین کو مواد کی فراہمی اور بہتر مضمون لکھنے کیلئے ہر قسم کی مدد دی گئی۔ کل 20 مضامین موصول ہوئے، جن میں انصار کے 3 خدام کے 8 اور لجنہ اماءاللہ کے 9 مضامین تھے۔ پہلی تین پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو انعامات سے نوازا گیا۔

جلسہ سالانہ

خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ سورینام کو مورخہ 21 اور 22 نومبر 2008ء بروز جمعہ ہفتہ اپنا 35 واں جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ جلسہ کے بہترین انعقاد کے لئے ایک پانچ رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی جس کے ذمہ مختلف شعبوں کا تسلی بخش انتظام کرنا تھا۔ اس جلسہ میں اعلیٰ سرکاری حکام، مقتدر شخصیات، مذہبی تنظیموں اور سرکردہ اخبارات کے نمائندوں کو بھی مدعو کیا گیا۔ جلسہ گاہ کی تیاری وقار عمل کے ذریعہ کی گئی اور صد سالہ خلافت جوبلی کے لوگو اور مختلف بینرز سے آراستہ سادہ اور پروقار جلسہ گاہ تیار کی گئی۔ اس جلسہ کا موضوع

''عالمی انسانی حقوق۔ دینی تعلیم کی روشنی میں''

تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرالعزیز کی اجازت سے ہمسایہ ملک گیانا سے مکرم احسان اللہ مانگٹ صاحب مشنری انچارج جلسہ میں شمولیت کے لئے تشریف لائے۔ پہلے دن ''نظام جماعت کی اہمیت اور اطاعت'' اور ''نظام خلافت'' کے موضوع پر تقاریر ہوئیں۔ جلسہ کے دوسرے روز تلاوت قرآن مجید اور ترجمہ کے بعد حضرت مسیح موعود کا پاکیزہ منظوم کلام پیش کیا گیا۔

ازاں بعد مہمان حضرات کو اظہار خیال کا موقعہ دیا گیا۔ سب سے پہلے بہائی مذہب کے نمائندے نے سٹیج پر آکر جماعت کا شکریہ ادا کیا کہ اتنے مفید پروگرام میں انہیں شرکت کی دعوت دی گئی پھر انسانی حقوق کے قیام کے لئے مثبت جدوجہد جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس کے بعد ملک کے نائب صدر جناب رام دین سارجو صاحب سٹیج پر تشریف لائے اور سب سے پہلے جماعت کو جلسہ کے انعقاد کی مبارک باد پیش کی اور انسانی حقوق کو جلسہ کا موضوع بنانے پر جماعت کی تعریف کی نیز برملا اس بات کا اظہار کیا کہ اس جماعت کے افراد دنیا میں امن اور بھائی چارے کے فروغ کے لئے عملی کوششیں کر رہے ہیں اس کے بعد موصوف نے 10 دسمبر 1948ء کو اقوام متحدہ کی جانب سے منظور کئے گئے انسانی حقوق کے حوالے سے حاضرین سے خطاب کیا۔ جلسہ کے پروگرام میں ہوم منسٹر جناب مورس حسن خان صاحب کی تقریر بھی شامل تھی لیکن اپنی بیماری کے سبب پروگرام شروع ہونے سے پہلے انہوں نے معذرت کا فون کیا۔ آخر میں محترم صدر صاحب جماعت نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔

اختتامی دعا سے پہلے نائب صدر اور گیانا کے مربی سلسلہ کو صد سالہ خلافت جوبلی کے حوالے سے خصوصی طور پر تیار کروائی گئی شیلڈ پیش کی گئی۔ نیز نائب صدر، سناتن دھرم اور بہائی مذہب کے نمائندوں کے علاوہ تین نمائندوں کی خدمت میں جماعتی لٹریچر پیش کیا گیا۔ اختتامی دعا کے بعد تمام حاضرین کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا جسے لجنہ اماءاللہ کی ایک ٹیم نے تیار کیا تھا۔ خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم سے یہ پروگرام ہر لحاظ سے انتہائی کامیاب رہا۔ حاضرین جلسہ نے پروگرام کے نظم وضبط اور تقریروں کے معیار کی بہت اچھے الفاظ میں تعریف کی اور نیک جذبات کا اظہار کیا۔

جلسہ کے ساتھ صد سالہ خلافت جوبلی کے سال میں عالمگیر جماعت احمدیہ کی مختلف سرگرمیوں کے حوالے سے ایک تصویری نمائش کا اہتمام کیا گیا اور خاص طور پر مختلف ملکوں کے جلسہ ہائے سالانہ جن میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بنفس نفیس شمولیت فرمائی۔ ان کی تصاویر شامل کی گئیں۔ تمام حاضرین نے نمائش کو دیکھا اور خاص طور پر غیر از جماعت دوستوں نے جماعت کی ترقی پر خوشگوار حیرت کا اظہار کیا۔ اس موقعہ پر ایک بک سٹال بھی لگایا گیا۔ بڑی تعداد میں لوگوں نے جماعت کی طرف سے شائع شدہ قرآن مجید کا ڈچ ترجمہ اور مختلف کتب دیکھیں اور انہیں خریدا بھی۔ مقامی ٹی وی کے نمائندے نے اس پروگرام کی ریکارڈنگ کی اور 15 منٹ دورانیہ کی خبر نشر کی۔ خدا تعالیٰ کے خاص فضل سے صد سالہ خلافت جوبلی کے بابرکت اور یادگار سال میں جماعت کا یہ جلسہ حاضری کے اعتبار سے بھی ایک کامیاب جلسہ رہا جس میں 260 سے زائد افراد شامل ہوئے۔

میڈیا

جلسہ سالانہ برطانیہ 2008ء میں سورینام کا چھ رکنی وفد شامل ہوا واپسی پر شاملین نے اپنے تاثرات اور جماعت کی عالمگیر ترقی کے حوالے سے اخباری نمائندے کو آگاہ کیا یہ خبر ملک کے سب سے کثیر الاشاعت روزنامے (De Ware Tijd) میں 26/ اگست کو شائع ہوئی۔ اسی روز نامے میں مورخہ 17/ اکتوبر 2008ء کو بیت خدیجہ برلن کے افتتاح کی خبر تصویر کے ساتھ شائع ہوئی۔

تمام قارئین سے سورینام کی جماعت کے لئے خاص دعاؤں کی درخواست ہے۔

☆......☆......☆

دعوت فکر

اے اہلِ خرد کچھ غور کرو یہ سلسلۂ آزار ہے کیوں
ہر سمت ہے موتا موتی کیوں یہ گرم بہت بازار ہے کیوں

بھونچال ہیں کیوں سیلاب ہیں کیوں ہر شہر میں قتل وغارت کیوں
یہ خوف وخطر کا دور ہے کیوں آرام وسکوں دشوار ہے کیوں

کیوں بھائی بھائی کا دشمن کیوں آنکھوں میں اب دید نہیں
کیوں رشتوں کا کچھ پاس نہیں بس دھن دولت سے پیار ہے کیوں

اب تلخ بہت ہے ذکر چمن بیمار ہیں اس کے سرو وسمن
اے اہل چمن کچھ فکر کرو ہر برگِ شجر بیمار ہے کیوں

سب شاکی ہیں سب نالاں ہیں سب ملت پر ہیں نوحہ خواں
سرکار دو عالم سے پوچھو اس حالت کا اظہار ہے کیوں

شبیؔر نے بہرِ ہمدردی اک راہِ عمل بتلا دی ہے
اب حق کو سمجھنے میں پیارو تاخیر ہے کیوں انکار ہے کیوں

چوھدری شبیر احمد

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

خطبہ جمعہ

شفاء کا اصل ذریعہ خدا تعالیٰ کی ذات ہی ہے اگر اس کا اذن ہو تو دعاؤں کو شفاء کی طاقت ملتی ہے

ایک زمانہ گزرنے کے بعد جب پاک تعلیم پر خیالات فاسدہ کا ایک غبار پڑ جاتا ہے اور حق خالص کا چہرہ چھپ جاتا ہے تب اس خوبصورت چہرہ کو دکھلانے کے لئے، الٰہی نمائندے آتے ہیں

حضرت مسیح موعود کی جماعت سے جُڑ کر خدا تعالیٰ کی حکومت دنیا میں قائم کر کے اپنی اور دنیا کی روحانی شفاء کا انتظام کریں

(قرآن کریم ،احادیث نبویہ اور حضرت اقدس مسیح موعود کے ملفوظات کے حوالہ سے روحانی و جسمانی شفاؤں کا ایمان افروز تذکرہ)

خطبہ جمعہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ 26 دسمبر 2008ء بمطابق 26 فتح 1387 ہجری شمسی بمقام بیت الفتوح ،لندن (برطانیہ)

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

گزشتہ خطبہ میں مَیں نے اللہ تعالیٰ کی صفت شَافِی کا ذکر کرتے ہوئے جسمانی عوارض سے شفاء کے بارے میں کچھ باتیں کی تھیں کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کے علاج کے لئے بعض چیزیں پیدا کر کے ان میں شفاء رکھی ہے۔ لیکن شفاء کا اصل ذریعہ خدا تعالیٰ کی ذات ہی ہے اگر اس کا اذن ہو تو دعاؤں کو شفاء کی طاقت ملتی ہے اور آخر پر مَیں نے ذکر کیا تھا کہ بعض دفعہ تمام قسم کے علاج ناکام ہو جاتے ہیں اور پھر اللہ تعالیٰ مستحق بندوں کی دعاؤں کو سن کر شفاء عطا فرماتا ہے اور جب اس طرح واضح رنگ میں دعا سے شفاء کا معجزہ ظاہر ہوتا ہے تو ایک مومن بندے کا اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان اور یقین مزید مضبوط ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کے تمام قدرتوں کا مالک ہونے پر ایمان پختہ ہوتا ہے۔ یہ معجزات دیکھ کر اللہ تعالیٰ کی صفات کا فہم و ادراک حقیقی رنگ میں حاصل ہوتا ہے اور جب یہ سب کچھ ایک مومن کو نظر آتا ہے تو نتیجتاً اس کی روحانی حالت میں بھی ترقی ہوتی ہے۔ تو گویا یہ چیز یعنی اپنے یا اپنے کسی پیارے مریض کا کسی خوفناک مرض سے شفاء پانا اس کا موت کے منہ سے واپس آنا جو کہ ایک جسمانی شفاء ہے مومن بندے کو روحانیت میں ترقی کی طرف لے جاتی ہے یا یوں کہہ لیں کہ بعض اوقات جسمانی شفاء سے روحانی شفاء کی بنیاد بھی پڑ جاتی ہے اور اصل میں انسانی زندگی کا مقصد ہی یہ ہے کہ انسان روحانی طور پر ہر قسم کی آلائشوں سے پاک ہونے کی کوشش میں ہمیشہ لگا رہے اور ایک صحت مند اور خالص عبد بننے کے لئے اس کے قدم ہمیشہ اٹھتے رہیں۔ اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو کہا ہے کہ میری عبادت کی طرف توجہ دو اور میرے احکامات پر عمل کرو تو جسمانی شفاؤں کے ساتھ ساتھ روحانی شفاء کے نظارے بھی ہر آن دیکھتے چلے جاؤ گے۔

اور پھر یہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر کتنا بڑا احسان ہے کہ اپنے نبی کامل ﷺ کے ذریعہ ایک کامل تعلیم ہماری روحانی شفاء کے لئے قرآن کریم کی صورت میں ہمارے لئے نازل فرمائی۔ قرآن کریم میں کئی جگہ خدا تعالیٰ نے اس بات کا ذکر فرمایا ہے کہ قرآن کریم کس کس طرح تمہارے لئے شفاء ہے۔

گزشتہ خطبہ میں مَیں نے شہد کی مکھی کے حوالے سے شفاء کا ذکر کیا تھا اور وہ جسمانی بیماریوں سے شفاء ہے۔ لیکن اگر غور کریں تو اس شہد کی مکھی کے ذریعہ روحانی شفاؤں کے راستوں کی بھی نشاندہی ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جب شہد کی مکھی کا ذکر فرمایا تو .... (النحل:69) اور تیرے ربّ نے شہد کی مکھی کی طرف وحی کی۔ جس کے نتیجہ میں پھر آگے ذکر ہے کہ اس نے اونچی جگہ چھتے بنائے اور پھولوں کا رس چوس کر مختلف دوروں سے گزر کر شہد بنایا۔ جس کے بارہ میں پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا .... (النحل:70) کہ اس میں لوگوں کے لئے شفاء ہے اور اس آیت کے آخر میں فرمایا کہ .... (النحل:70) یقیناً اس میں غور و فکر کرنے والے لوگوں کے لئے بہت بڑا نشان ہے۔ کس غور کی طرف یہاں اشارہ ہے؟ یہ اس بات کے غور کی طرف اشارہ ہے کہ ایک معمولی مکھی کو اللہ تعالیٰ نے وحی کر کے وہ راستہ دکھا دیا جس سے ایسی چیز پیدا ہوئی جو لوگوں کے لئے شفاء بن گئی۔ کیا مسلمان اور کیا غیر مسلم، سب اس چیز کو تسلیم کرتے ہیں کہ شہد میں شفاء ہے۔ پس اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہر کام کے لئے وحی الٰہی کی ضرورت ہے۔ اس لئے اے لوگو! تم میں سے بعض جو خدا تعالیٰ کی وحی کے انکاری بن جاتے ہیں اس بات پر غور کرو کہ شہد بنانے کا سارا عمل، پھولوں کا رس چوسنے سے لے کر شہد بننے تک، اللہ تعالیٰ کی وحی کی وجہ سے مکمل ہوا ہے۔ بلکہ معمولی جانور بھی اپنے کاموں کے لئے وحی کے محتاج ہیں، جن کو اپنے کاموں سے متعلق راہنمائی ملتی ہے۔ اور جانوروں، کیڑوں مکوڑوں میں اس کی اعلیٰ ترین مثال شہد کی مکھی کی وحی ہے۔ تو انسان کس طرح کہہ سکتا ہے؟ کہ وہ خود ہی ہدایت پا جائے گا یا اس کو کسی ہدایت کی ضرورت نہیں، سب کام خود بخود ہو رہے ہیں۔

حضرت مسیح موعود نے اس بارے میں فرمایا کہ: ایک دنیا دار انسان سمجھتا ہے کہ اس کی کوشش سے وہ اپنے مقصد حاصل کر لیتا ہے، اپنی کوشش سے اپنا مقصد حاصل کر لیتا ہے۔ جبکہ اس کی کوشش بھی دعا ہی کی ایک قسم ہے اور اس کے نتیجہ میں جو تدبیر اس کے ذہن میں آتی ہے وہ بھی وحی کی ایک قسم ہے۔ پس انسان کو شہد کی مکھی کے عمل سے یہ سوچنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی راہنمائی کے بغیر کسی چیز کا اعلیٰ حصول ممکن ہی نہیں۔ اس لئے انسان جو اشرف المخلوقات ہے، جس کے لئے دو زندگیاں مقرر ہیں، ایک اس جہان کی اور ایک اگلے جہان کی دائمی زندگی۔ اور اگلے جہان کی زندگی کا انحصار اس جہان کے اعمال پر ہے۔ وہ اعمال کون سے ہیں، وہ جو اللہ تعالیٰ نے بتائے ہیں۔ تو جب اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے اعمال پر انحصار ہے تو وہ بغیر وحی کے کس طرح اس دنیا میں کامیاب زندگی گزار کر اگلے جہان میں اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کر سکتا ہے۔

پس انسان کی کامیاب زندگی کے لئے جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے گزاری جائے وحی الٰہی ضروری ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے قانون بنایا ہوا ہے کہ اپنے انبیاء کے ذریعہ اپنے نیک لوگوں کے ذریعہ روحانیت کے حصول کے راستوں کی راہنمائی کرواتا ہے۔ اور آنحضرت ﷺ کے ذریعہ جو کہ انسان کامل تھے، وحی بھی کامل کی اور قرآن کریم جیسی کامل کتاب وحی الٰہی کے ذریعہ نازل ہوئی۔ جس کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ بھی شفاء ہے۔ روحانی شفاء تو ہے ہی

جسمانی شفاء بھی ہے۔

ایک دفعہ کچھ صحابہؓ کسی جگہ گئے وہاں کے قبیلے کا سردار بیمار ہوگیا یا اس کو سانپ نے ڈس لیا تو ایک صحابی کو پتہ لگا اس پر دم کیا تو وہ ٹھیک ہوگیا۔ آنحضرت ﷺ کو آ کے بتایا تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ تم نے کس طرح دم کیا؟ انہوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! سورۃ فاتحہ کا دم کیا۔ تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ تم نے ٹھیک دم کیا۔ تمہیں کس طرح پتہ لگا کہ اس میں شفاء ہے؟۔

(بخاری کتاب الاجارۃ۔ باب مایوتی فی الرقیۃ علی احیاء العرب بفاتحۃ الکتاب)

بلکہ وہاں یہ بھی واقعہ ہوا کہ اس سردار نے جب صحت پائی تو اس صحابی کی خدمت میں بکریوں کا ایک ریوڑ پیش کیا جو انہوں نے لینے سے انکار کر دیا کہ مَیں معاوضہ نہیں لیتا۔ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں عرض کیا تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو تمہیں خود دیتا ہے اسے لینے میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن اس صحابی نے کیوں انکار کیا اس لئے کہ ہمیں یہ حکم ہے کہ قرآن کریم کو کمائی کا ذریعہ نہ بناؤ۔ آج کل کے پیروں فقیروں کی طرح جو تعویذ گنڈے کرتے اور پیسے کماتے ہیں۔ ان کے لئے یہ سبق ہے۔ بہرحال اللہ کا بڑا احسان ہے کہ احمدی اس سے محفوظ ہیں۔

پس کہنے کا مقصد یہ ہے کہ قرآن کریم میں روحانیت کے ساتھ ساتھ جسمانی عوارض سے شفا کا بھی ذکر ہے، اور اس روحانی بیماریوں سے شفاء کے بارے میں قرآن کریم میں مختلف آیات میں ذکر آیا ہے۔.........

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ: ”ہمارا تو یہ قول ہے کہ ایک زمانہ گزرنے کے بعد جب پاک تعلیم پر خیالات فاسدہ کا ایک غبار پڑ جاتا ہے اور حق خالص کا چہرہ چھپ جاتا ہے تب اس خوبصورت چہرہ کو دکھلانے کے لئے، مجدد اور محدث اور روحانی خلیفے آتے ہیں“۔

پھر آپ فرماتے ہیں ”وہ دین کو منسوخ کرنے نہیں آتے بلکہ دین کی چمک اور روشنی دکھانے کو آتے ہیں“۔.........

سورۃ بنی اسرائیل میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ.........(بنی اسرائیل: 83) اور ہم قرآن میں سے وہ نازل کرتے ہیں جو شفاء ہے اور مومنوں کے لئے رحمت ہے اور وہ ظالموں کو گھاٹے کے سوا اور کسی چیز میں نہیں بڑھاتا۔

اس آیت میں ایک طرف تو اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے کہ اس میں شفاء اور رحمت ہے لیکن ساتھ ہی فرمایا کہ جو مومن نہیں ان کے لئے اس میں گھاٹے کے سوا کچھ نہیں، خسارے کے سوا کچھ نہیں۔ قرآن کریم نے تو ابتداء میں ہی، سورہ بقرہ کے شروع میں ہی فرما دیا کہ.........
(البقرۃ: 2) کہ یہ کتاب ہے جس کے خدا تعالیٰ کے کلام ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں اور متقیوں کے لئے ہدایت ہے۔ پس یہ روحانی شفاء اور مومنوں کے لئے ہدایت ہے۔ جن کے دل گند سے بھرے ہوئے ہیں جو ہر وقت اس میں نقائص کی تلاش میں ہیں۔ یہ لوگ بغضوں اور کینوں کی وجہ سے قرآن کریم سے فیض پا ہی نہیں سکتے ان کو تو قرآن کریم صرف اور صرف گھاٹے میں بڑھائے گا۔ یہ لوگ ایسے ہیں جن کے دلوں پر مہر لگ چکی ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کا یہ انجام یا بد انجام مقدر کیا ہوا ہے۔ لیکن مومنوں کے لئے اس میں شفاء اور رحمت ہے اور وہ لوگ اس سے فیض پانے والے ہیں جو ایمان لانے کے بعد اس کی تعلیم پر عمل کر کے پھر اپنی روحانی حالتوں کے معیار بلند کرتے چلے جائیں.........

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ: ”یہ خدا کا قول ہے کہ تیرے ذریعہ سے مریضوں پر برکت نازل ہوگی، روحانی اور جسمانی دونوں قسم کے مریضوں پر مشتمل ہے۔ روحانی طور پر اس لئے کہ مَیں دیکھتا ہوں کہ میرے ہاتھ پر ہزار ہا لوگ بیعت کرنے والے ایسے ہیں کہ پہلے ان کی عملی حالتیں خراب تھیں اور پھر بیعت کرنے کے بعد ان کے عملی حالات درست ہوگئے۔ اور طرح طرح کے معاصی سے انہوں نے توبہ کی اور نماز کی پابندی اختیار کی اور مَیں صد ہا ایسے لوگ اپنی جماعت میں پاتا ہوں کہ جن کے دلوں میں یہ سوزش اور تپش پیدا ہوگئی ہے کہ کس طرح وہ جذبات نفسانیہ سے پاک ہوں۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن۔ جلد 22 صفحہ 86۔ حاشیہ)

.........پھر سورۃ یونس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ.........(یونس: 58) کہ اے انسانو! یقیناً تمہارے پاس تمہارے ربّ کی طرف سے نصیحت کی بات آ چکی ہے۔ اسی طرح جو بیماری سینوں میں ہے اس کی شفاء بھی اور مومنوں کے لئے ہدایت اور رحمت بھی۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو مخاطب کر کے فرمایا ہے کہ یہ خدا تعالیٰ کا کلام ہے۔ وہ خدا جو تمام کائنات کا ربّ ہے۔ زمین آسمان میں کوئی چیز ایسی نہیں جو اس کی ربوبیت سے باہر ہے۔ پس اس کلام کو معمولی نہ سمجھو اور نہ ہی اس رسول ﷺ کو معمولی سمجھو جس پر یہ کلام اترا ہے۔ وہ رسول جس کو ہم نے رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا ہے وہ اس صفت کے تقاضے پورے کرتے ہوئے اس کلام کے ذریعہ تمہیں نصیحت کرتا ہے تا کہ تم عذاب سے بچ سکو۔ وہ تمہارے سینوں کو بیماریوں سے پاک کرتا ہے تا کہ تم روحانیت میں ترقی کر سکو۔ وہ تمہاری ہدایت اور رحمت کا سامان کرتا ہے، جس سے ہدایت پاتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جذب کرنے والے بنو اور جب یہ سب کچھ ہوگا تبھی تم مومن کہلانے کے حقدار بنو گے۔ پس آنحضرت ﷺ پر یہ کتاب اتار کر اللہ تعالیٰ نے کُل انسانیت پر احسان کیا ہے۔

یہ ایسا کامل کلام ہے جس میں وہ تمام نصائح موجود ہیں۔ ان تمام اوامر و نواہی کا ذکر ہے جو انسان کو با اخلاق انسان بنا کر پھر با خدا انسان بناتے ہیں۔ پس ایسی کامل کتاب سے اے لوگو! فیض پانے کی کوشش کرو تا کہ تمہاری دنیا بھی سنور جائے اور تمہاری آخرت بھی سنور جائے۔ اس دنیا اپنے مقصد پیدائش کو پہچاننے لگو۔ پس یہ ایک انتہائی پیارا انداز ہے قرآن کریم کا اور اگر ایک عقلمند آدمی، ایک عقلمند انسان اس پر غور کرے تو یہ بات اس الزام کا ردّ ہے جو.........پر لگایا جاتا ہے کہ.........سختی سے اپنے دین کے پرچار اور اپنے احکامات کو ٹھونسنے کا حکم دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ تو تمہارے رب کی طرف سے نصیحت ہے اور یہ تمہارے فائدے کے لئے ہے۔ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو جتھا بنا کر طاقتور بنانے کے لئے نہیں ہے یا انسانوں کو زیر کر کے ان پر اپنی بادشاہت قائم کرنے کے لئے نہیں ہے بلکہ خالصتاً تمہارے فائدے کے لئے ہے۔

ایک دوسری جگہ اللہ تعالیٰ.........کا ذکر کرتے ہوئے فرماتا ہے کہ......(النحل: 126) کہ تُو حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ لوگوں کو اپنے رب کی طرف بلا۔ پس یہ مَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ قرآن کریم کی خوبصورت تعلیم ہے۔ جس میں صرف اور صرف انسانوں کی بھلائی اور بہتری کا ذکر ہے۔ اور ایسی خوبصورت تعلیم ہے جو روحانی طور پر شفاء کے سامان پیدا کیا کرتی ہے۔ پس ہمیں اگر.........کا حکم ہے.........کا پیغام پہنچانے کا حکم ہے تو اس لئے نہیں کہ اپنی طاقت یا جتھہ بنائیں بلکہ اس لئے کہ اپنے دل میں دوسروں کے لئے ہمدردی کے جذبات پیدا کرتے ہوئے اور ان جذبات سے پُر ہو کر انہیں خدا تعالیٰ کے قریب لائیں۔ ان کی روحانی بیماریوں کو دُور کریں۔ انہیں بتائیں کہ یہ کتاب جو آنحضرت ﷺ پر اتری، اب تمہاری روحانی شفاء کا واحد ذریعہ ہے۔ خدا کے لئے اسے قبول کرو اور اپنی دنیا و آخرت سنوارو۔

مَیں نے.........پر سختی اور شدت پسندی کے الزام کا ذکر کیا تھا۔ اگر تاریخ دیکھیں تو.........نے دلوں کو اس قرآنی تعلیم کے ذریعہ سے ہمیشہ جیتا ہے، ماضی میں جتنی فتوحات ہوئی ہیں اسی خوبصورتی کی وجہ سے ہوئی ہیں اور آج بھی ہم اللہ تعالیٰ کے فضل سے اسی طرح دل جیت رہے ہیں۔ پس دنیا کو مَیں بتاتا ہوں کہ چند شدت پسندوں کے ناجائز عمل کی وجہ سے.........مخالف اور مغربی ممالک جو.........اور قرآنی تعلیم پر غلط الزام لگاتے ہیں انہیں بغیر سوچے سمجھے یہ الزام لگانے کی بجائے اس کی خوبصورت تعلیم کو دیکھنا چاہئے اور جیسا کہ مَیں نے کہا یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ پہلے سے بڑھ کر اس تعلیم سے لوگوں کو آگاہ کریں تا کہ انسانیت کی شفاء کا موجب بن سکیں اور جس ہدایت اور رحمت سے ہم فیض پا رہے ہیں اس میں دوسروں کو بھی حصہ دار بنانے والے

بنیں۔ یہی حقیقی ہمدردی ہے جو آج ایک احمدی کو دنیا والوں سے ہونی چاہئے۔

یہاں ایک اور بات کی وضاحت کی بھی ضرورت ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ....(یونس: 58) کہ اس میں شفاء ہے ہر اس بیماری کے لئے جو ان کے سینوں میں پائی جاتی ہے۔ اس پر اب تک یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ خیالات تو دماغ میں پیدا ہوتے ہیں اچھے یا برے، ان کا دل سے کیا تعلق ہے لیکن اہل دل اس بات کے ہمیشہ قائل رہے ہیں کہ دل کا روحانیت کے ساتھ گہرا تعلق ہے۔ اور جب قرآن کریم نے کہہ دیا تو سب سے بڑی سند تو یہی ہمارے لئے ہے لیکن مَیں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس پر بھی اب ریسرچ ہو رہی ہے کہ دل اور دماغ کا کیا تعلق ہے اور آیا جذبات اور خیالات کا اثر دل پر بھی پڑتا ہے یا نہیں پڑتا۔ کچھ سائنسدان اب یہ تسلیم کرتے ہیں کہ جذبات کا اثر پہلے دل پر ہی ہوتا ہے۔ خیالات کا اثر پہلے دل پر ہی ہوتا ہے اور ایک ریسرچ یہ ہے کہ دل، دماغ کو زیادہ معلومات دیتا ہے اس کی نسبت جو دماغ دل کو بھیجتا ہے۔ ابھی تو یہ جذباتی کیفیت اور بعض جسمانی عوارض تک ریسرچ ہے۔ روحانیت کے تعلق کی تو دنیا دار براہ راست تحقیق نہیں کر سکتے لیکن اگر دیکھا جائے (جو ان کی ریسرچ سے بھی ثابت ہوتا ہے) کہ بعض جذبات کی کیفیت بعض برائیوں کی طرف لے جاتی ہے اور اگر اسی تناظر میں دیکھیں تو یہ دل کی روحانی بیماریاں ہی ہیں جو انسان کو ہدایت سے دور کرتی ہیں۔ بہرحال ایسے تحقیق کرنے والے بھی ہیں اور اس سے اختلاف رکھنے والے بھی ہیں جو اپنی تحقیق کر رہے ہیں۔ لیکن بہرحال دنیا کی توجہ اس طرف پیدا ہو رہی ہے۔ بعض یہ بھی کہتے ہیں کہ شاید دل میں یہ بعض خیالات پہلے پیدا ہوتے ہیں اور پھر دماغ کو اطلاع کرتے ہیں۔ اور ان کے نزدیک جو دل ہے وہ دراصل پہلے دماغ کو اطلاع کر رہا ہوتا ہے۔ لیکن بعض یہ کہہ رہے ہیں کہ نہیں اصل میں پہلے دماغ ہے، دل سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ لیکن جیسا کہ مَیں نے کہا بہرحال اس طرف توجہ ہو رہی ہے۔

ہمارے ڈاکٹر نوری صاحب جو طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ کے انچارج ہیں۔ جب یہ سرکاری ملازم تھے تب بھی انہوں نے اپنے کلینک میں لکھ کر لگایا ہوا تھا کہ ....(سورۃ الرعد: آیت 29) کہ سمجھ لو کہ اللہ تعالیٰ کی یاد سے ہی دل اطمینان پاتے ہیں۔ تو احمدی ڈاکٹر ہی یہ سوچ رکھ سکتا ہے۔ یقیناً ذکر الٰہی دلوں کی تسلی کا باعث بنتا ہے۔ دل کی بہت سی بیماریاں بعض جذباتی کیفیات کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ پس روحانی شفاء بھی اور جسمانی شفاء بھی اللہ کے ذکر میں ہے۔ اور اس کے طریقے قرآن کریم نے بڑے احسن رنگ میں کھول کر ہمیں بتائے ہیں اور اب بے شک جیسا کہ مَیں نے کہا بعض اختلاف رکھنے والے بھی موجود ہیں لیکن سائنسدانوں کی ریسرچ اس طرف چل رہی ہے۔

ضمناً مَیں یہاں ساتھ ہی یہ بھی ذکر کر دوں کہ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ جیسا کہ مَیں نے کہا کہ ڈاکٹر نوری صاحب اس کے انچارج ہیں، اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ اور ان کا سٹاف بڑی محنت سے اس ادارے کو چلا رہے ہیں اور اب تک تو بیماریوں کی شفاء کے ایسے ایسے معجزے دیکھنے میں آ رہے ہیں کہ حیرت ہوتی ہے۔ بلکہ بعض ڈاکٹرز جو وہاں باہر امریکہ وغیرہ سے گئے انہوں نے خود مجھے بتایا کہ ایسے ایسے کیس ہم نے ٹھیک ہوتے دیکھے کہ حیرت ہوتی ہے کہ کس طرح ٹھیک ہو گئے۔ تو یہ بھی اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ ہمارے ڈاکٹر بھی دعا کر کے کام کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ پر یقین ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھوں میں شفاء رکھے اور پہلے سے بڑھ کر ان کے مریض شفاء پانے والے ہوں۔

پھر ایک اور آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ....(حم سجدہ: 44) اور اگر ہم نے اسے عجمی یعنی غیر فصیح قرآن بنایا ہوتا تو وہ ضرور کہتے کہ کیوں نہ آیات کھلی کھلی یعنی قابل فہم بنائی گئیں۔ کیا عجمی اور عربی برابر ہو سکتے ہیں۔ تو کہہ دے کہ وہ تو ان لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں ہدایت اور شفاء ہے۔ اور وہ لوگ جو ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں بہرا پن ہے جس کے نتیجہ میں وہ ان پر مخفی ہے اور یہی وہ لوگ ہیں جنہیں ایک دُور کے مکان سے بلایا جاتا ہے۔ اس سے پہلے کی آیات میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ بعض ایسے لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی آیات میں ایسی باتیں تلاش کرتے رہتے ہیں تا کہ اس کے ذریعہ سے دوسروں کو الجھاتے رہیں، دُور ہٹاتے رہیں اور اس تعلیم سے دُور رکھیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کو تو ہم دیکھ لیں گے کہ ان کے ساتھ کیا کرنا ہے۔ اس دنیا میں جو چاہو کر لو لیکن یاد رکھو کہ یہ قرآن بڑی عزت والی کتاب ہے اور اس کے ساتھ استہزاء کر کے تم اپنی تباہی کے سامان کر رہے ہو۔ تمہارے استہزاء اور تمہاری باتوں سے تو اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا کیونکہ اس کے اندر ایک سچی تعلیم ہے۔ جھوٹ نہ اس کے قریب پھٹک سکتا ہے نہ اسے کوئی نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اور جو بھی سعید فطرت ہو گا وہ بہرحال اس سے فیض پائے گا۔ اور جہاں تک بدفطرتوں کا تعلق ہے انہوں نے تو اعتراض کرتے رہنا ہے۔ یہ اعتراض کہ یہ عربی پہ کیوں اترا اور عجمی پہ کیوں نہ اترا۔ اگر دوسری زبان میں اتارتے تو کہتے کہ عربی میں کیوں نہیں اتارا۔ جو کھلی کھلی آیات ہوتیں سمجھ آتیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے یہاں پھر فرمایا کہ یہ تو ان لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لانے والے ہیں جنہوں نے اعتراض کرنے ہیں وہ تو بہرے ہیں اور اس وجہ سے اس تعلیم کی خوبصورتی کو سن ہی نہیں سکتے، ان کو اس سے کچھ فائدہ نہیں ہو سکتا۔ ایک تو ان میں بہرہ پن ہے، دوسرے انہوں نے دُور کھڑے ہو کر اس بہرے پن میں اور بھی اضافہ کر لیا اور وہ اس کے قریب بھی نہیں ہونا چاہتے تا کہ ان کو سمجھ آ جائے۔ دُور کھڑے ہو کر بس اعتراض کئے جاتے ہیں اور اس بات پر غور کرنا نہیں چاہتے۔ یہی حال آج کل کے قرآن کریم پر ان اعتراض کرنے والوں کا ہے جو مغرب میں ہیں کہ بغیر سمجھے جیسا کہ پہلے بھی مَیں کہہ آیا ہوں اس پر اعتراض کئے چلے جا رہے ہیں سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے۔ کئی ایسے ہیں، بلکہ ہندوستان کے سفر میں مجھے ایک عیسائی ملے۔ انہوں نے مجھے کہا کہ مَیں قرآن کریم میں سے بعض باتیں تلاش کرتا ہوں اور مَیں اس کی اسی طرح عزت کرتا ہوں جس طرح بائبل کی۔ بہرحال ان کے کچھ سیاسی بیان بھی ہوتے ہیں لیکن کئی باتیں انہوں نے مجھے بتائیں جو انہوں نے قرآن کریم سے سیکھیں۔ جو سیکھنا چاہتے ہیں اللہ تعالیٰ آہستہ آہستہ ان کو پھر ہدایت بھی دے دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ دنیا کی اکثریت کو عقل دے کہ وہ اس خوبصورت تعلیم کو سمجھنے والے ہوں اور اپنی دنیا و عاقبت سنوار سکیں۔ ....

اللہ تعالیٰ ہمیں بھی توفیق دے کہ ہم اس روحانی چشمے سے ہمیشہ فیض پاتے چلے جائیں اور خدا تعالیٰ ہمیں ہر قسم کی جسمانی اور روحانی بیماریوں سے بچا کر رکھے۔ آمین

بقیہ از ص 6 انور حسین

کی حقیقت بیان فرما کر روحوں کو گرماتے تھے۔ آپ کو تینوں خلافتوں کا بھرپور پیار نصیب ہوا۔ آپ کے احسان کے نتیجہ میں مجھ جیسے ناچیز کارکن اور دیگر بہت سے افراد جماعت کو دربار خلافت تک رسائی ہوئی اور ہم بھی خلیفۂ وقت کی شفقتوں اور احسانوں کا مورد بنے یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے۔

الغرض آپ کے متعلق بہت سی خوبیوں کا ذکر کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا یہ فرمان کہ

"وہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے پیارے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے پیارے اور میرے بہت ہی پیارے تھے۔"

ان کی محبت کا ایک عملی ثبوت ہے۔

چوہدری محمد انور حسین امیر جماعت ضلع شیخوپورہ ایک نہایت ہی خوش قسمت وجود تھا جس کو تینوں ائمہ کا بھرپور پیار نصیب ہوا اور اس قربت کے نتیجہ میں والہانہ انداز میں جماعتی خدمات کی سعادت نصیب پائی۔ آپ توکل کے اعلیٰ مقام پر فائز تھے۔ آخر یہ پیارا وجود اپنی رعنائیاں بکھیرتے ہوئے اپنے مولا حقیقی کو جا ملا۔ آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ میں ہوئی۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

پریس کی ایجاد

چھاپے خانہ کی ایجاد ایک ہزار برس میں سب سے اہم سمجھی جاتی ہے۔ یہ ایک جرمن موجد یوہان گوٹن برگ کی سعی کا ثمر ہے۔ یوہان گوٹن برگ 1397ء میں پیدا ہوا۔ اس زمانے میں زیادہ تر کتابیں ہاتھ سے نقل کی جاتی تھیں جو محنت طلب کام تھا۔

1454ء میں گوٹن برگ نے جرمن شہر مائنز (Mainz) میں اپنا چھاپہ خانہ لگایا۔ ایک برس بعد وہ بائبل چھاپنے میں کامیاب ہو گیا۔ اس کتاب کی ضخامت 1282 صفحات تھی۔ اس کی تین سو کاپیاں شائع کی گئیں جن میں سے صرف 31 باقی ہیں۔

چھاپے خانے کی ایجاد نے لوگوں پر علم کے دروازے کھول دیئے۔ آنے والی صدیوں میں سائنس کے میدان میں جو بھی کمالات انجام دیئے گئے وہ کسی نہ کسی طور 1454ء میں ہونے والی اس ایجاد کی مرہون منت تھی۔

☆☆☆☆

مکرم ملک لطیف احمد سرور صاحب

چوہدری محمد انور حسین صاحب ایڈووکیٹ

امیر جماعت ضلع شیخوپورہ

آج جس بابرکت وجود کا ذکر کرنا مقصود ہے وہ شیخوپورہ ضلع کی مایہ ناز ہستی مکرم چوہدری محمد انور حسین صاحب ایڈووکیٹ امیر جماعت ضلع شیخوپورہ کی دلآویز شخصیت ہے۔ آپ موضع چمیاری ضلع امرتسر کے رہنے والے تھے ان کے والد محترم چوہدری حسین بخش صاحب پولیس انسپکٹر کے عہدہ پر متعین تھے بعد ازاں سب رجسٹرار مقرر ہوئے۔ مکرم چوہدری محمد انور حسین صاحب کے دادا جرنل مبارک علی کا شمار رئیسان پنجاب میں ہوتا ہے۔ مکرم چوہدری صاحب کو بھی اللہ تعالیٰ نے روحانی بادشاہت کا قرب عطا فرمایا۔

عین آغاز جوانی میں دوران تعلیم 1932ء میں پندرہ سال کی عمر میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے دست مبارک پر شرف بیعت کی سعادت پائی۔ شدید مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ اپنی والدہ محترمہ کے اکلوتے بیٹے تھے۔ اتفاق کی بات ہے کہ اس ساری نسل میں واحد لڑکا پیدا ہوتا رہا ہے۔ والدہ محترمہ نے انتہائی محبت کے باوجود آپ کو جماعت میں شمولیت سے روکنے کے لئے سخت حربے بھی استعمال کئے۔ برادری نے بھی شدید دباؤ ڈالا۔ لیکن اس وقت آپ کا جواب مخالفین کو یہ ہوتا تھا۔

”آپ لوگ ایک شخص کو جھوٹا ثابت کرنے کے لئے جھوٹ کیوں بولتے ہیں۔ میں نے جس کو مانا ہے اس نے سچ کے سوا کچھ نہیں کہا“۔

حتیٰ کہ آپ کی والدہ محترمہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ حضور پُر نور نے انہیں سامنے کرسی پر بیٹھنے کے لئے فرمایا تو انہوں نے احتراماً کہا کہ اپنے بیٹے کے پیر کے مقابل میں نہیں بیٹھ سکتی صرف اتنی عرض ہے کہ اس کو اپنی مریدی سے نکال دیں جس پر حضور پُر نور نے تبسم فرمایا

”کیا یہ آپ کی پہلے سے زیادہ خدمت اور فرمانبرداری نہیں کرتے؟ اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرمائے گا اور یہ خاندان کے لئے خوش بختی کا نشان ہوگا“

اذیت اور کرب کا یہ دور آہستہ آہستہ مدھم پڑتا گیا۔ چوہدری صاحب نے اپنی تمام تر توجہ حصول علم کی طرف رکھی یہ دور ان کے لئے تربیت اور صعوبتیں برداشت کرنے کا دور تھا جو شخص ناز و نعم میں پلا ہو، اس کے لئے چھوٹی مصیبت بھی انتہا کی ہوتی ہے۔ اس لئے فرمایا کرتے تھے کہ ان تکالیف نے مجھے زندہ رہنے کا سلیقہ سکھلایا اور انسانیت کا شعور بخشا۔ میں اپنے غموں کے مداوا کے لئے ہمیشہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں حاضر ہو کر شرف ملاقات سے بازیاب ہو کر اپنے دل کا زنگ دھو آیا کرتا تھا اور یہی میرا زندگی بھر دستور العمل رہا۔ حصول تعلیم کے بعد آپ نے امرتسر میں بطور وکیل پریکٹس شروع کی۔ ذہین، نکتہ ساز، حاضر جواب اور حاضر دماغ تھے آپ نے وکالت میں بھی ایک درخشاں مقام حاصل کیا۔ جرح کے ماسٹر تھے، جرح کرتے وقت وہ گواہ کو ایسے مقام پر لے آتے تھے کہ گواہ سے حقیقت اگلوا لیتے تھے۔

جب 14/ اگست 1947ء کو پاکستان دنیا کے نقشہ پر ابھرا۔ تو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے فرمان کے مطابق ان کی تقرری بطور امیر جماعت ضلع شیخوپورہ ہوئی۔ ابتداء میں جماعت کا سنٹر محلّہ احمد پورہ میں ہوتا تھا بعد ازاں مکرم چوہدری مقبول احمد صاحب (ر) ڈسٹرکٹ انجینئر جو کہ بعد میں نائب امیر جماعت بنے۔ انہوں نے اپنا پلاٹ واقع محلّہ جہانگیر آباد سنٹر جماعت کے لئے وقف کر دیا۔ یہی وہ جگہ ہے جہاں آجکل بیت المبارک ہے اس کی تعمیر میں بھی بہت سی دشواریاں پیدا ہوئیں جو کہ اللہ تعالیٰ کے احسان اور خلیفہ وقت کی دعاؤں کے نتیجہ میں دور ہو گئیں۔

بیوت کا قیام، تربیت جماعت، آپس میں محبت و بھائی چارہ اور جماعتی مقاصد کی تکمیل کے لئے ایک اہم بنیادی اور مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ آپ بیت المبارک میں تمام حاضر و غیر حاضر احباب کی خیریت، ان کے دینی اور دنیوی امور کے بارے میں دریافت فرماتے، انہیں مناسب مشورے بھی دیتے تھے ان کے گھر کے دروازے بھی ہر خاص و عام کے لئے ہمیشہ کھلے رہتے تھے۔ خدمت کا سلسلہ بھی ساتھ جاری رہتا۔ اسی وجہ سے افراد جماعت سے ان کے ذاتی تعلقات تھے ان کے غموں اور خوشیوں میں شامل ہوتے تھے۔ مہمان نوازی آپ کا طرہ امتیاز تھا۔ عالمی سیاست اور ملکی سیاست پر بھی گہری نظر رکھتے تھے نیز سماجی تعلقات اور روابط کو بہت اہمیت دیتے تھے۔ انتظامیہ کی گاہے بگاہے کوٹھی پر دعوتیں کرتے رہتے تھے اللہ تعالیٰ نے آپ کو بڑا فیاضانہ دل دیا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ خلافت کے قرب نے ان میں بہت سی صفات حسنہ پیدا کر دی تھیں آپ میں صفت موثرہ اور متاثرہ دونوں موجود تھیں جو اپنے وقت پر منکشف ہوتی رہیں۔

خاکسار سے چوہدری محمد انور حسین صاحب کی پہلی ملاقات وسط جون 1965ء میں بروز جمعہ بیت المبارک شیخوپورہ میں ہوئی انہیں بتایا گیا کہ میری تبدیلی بحیثیت سینئر انگلش ٹیچر گورنمنٹ ہائی سکول شیخوپورہ میں ہوئی ہے۔ یہ ملاقات حکیم ظفر الدین احمد صاحب کی وساطت سے ہوئی انہوں نے فرمایا کہ میرے دوست کا بیٹا اور میرا بھتیجا ہے اس پر ”ماشاءاللہ“ فرمایا اور تشریف لے گئے پھر وقفے وقفے کے بعد ملاقات ہوتی رہتی اور تعلقات بڑھتے گئے اس وقت یہ وہاں واحد احمدی وکیل تھے اور نامور وکلاء میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ آپ نے ڈپٹی کمشنر جناب شیر محمد صاحب لالی کو اور ان کے رفقاء کار بمعہ وکلاء برادری کے لئے بہت بڑے کھانے کا اہتمام کیا۔ جماعتی عہدیداران اور کارکنان کو بھی دعوت دی۔ سب لوگ شامل ہوئے۔ بہت سے لوگوں نے چوہدری صاحب کے اخلاق، سچائی، محبت، پیار اور حقیقی بھائی چارہ کی فضا قائم کرنے کی تعریف کی اس دعوت میں جماعت اسلامی اور دیگر وکلاء اختلاف عقائد کے باوجود شریک ہوئے تھے اور مکرم چوہدری صاحب کی شاہانہ اور فیاضانہ فطرت کے معترف تھے۔

